FOR OFFICIAL USE

N5 National Qualifications 2024

Mark

# X870/75/01

# Urdu Reading

MONDAY, 22 APRIL

1:00 PM – 2:30 PM

* X 8 7 0 7 5 0 1 *

**Fill in these boxes and read what is printed below.**

Full name of centre

Town

Forename(s)

Surname

Number of seat

Date of birth

Day

Month

Year

Scottish candidate number

**Total marks — 30**

Attempt ALL questions.

Write your answers clearly, in **English**, in the spaces provided in this booklet.

You may use an Urdu dictionary.

Additional space for answers is provided at the end of this booklet. If you use this space you must clearly identify the question number you are attempting.

Use **blue** or **black** ink.

There is a separate question and answer booklet for Writing. You must complete your answer for Writing in the question and answer booklet for Writing.

Before leaving the examination room you must give both booklets to the Invigilator; if you do not, you may lose all the marks for this paper.

SQA ©

* X 8 7 0 7 5 0 1 0 1 *

**Total marks — 30**

**Attempt ALL questions**

**Text 1**

A young writer Alina shares her experience of learning different languages.




مادری زبان کے ساتھ ساتھ آج کل دوسری زبانیں سیکھنا بھی بہت ضروری ہے۔اس کے بہت زیادہ فائدے ہیں جیسا کہ ملازمت ملنا آسان ہو جاتا ہے، اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور نئے نئے لوگوں سے ملنے کے مواقع بھی ملتے ہیں۔

میں مقامی کمیونٹی سینٹر میں اُردو زبان سیکھنے کے ساتھ ساتھ عربی زبان کی تعلیم بھی حاصل کر رہی ہوں۔ مجھے عربی زبان سیکھنا اس لئے دلچسپ لگا کیونکہ اُردو زبان میں عربی زبان کے کئی الفاظ شامل ہیں۔

اَب میں عربی زبان بول سکتی ہوں بلکہ بڑی آسانی سے پڑھ اور لکھ بھی لیتی ہوں۔اسی وجہ سے میں پچھلے سال دوبئی کے ایک مشہور نیشنل بینک میں چھ مہینے کے لیے تربیتی کورس (انٹرنشپ) کرنے گئی۔میں وہاں جا کر بہت خوش ہوئی کیونکہ مجھے دوبئی شہر بہت پسند آیا۔

میرے خیال میں دوبئی اپنی خوبصورت، جدید عمارتوں اور اپنے سات ستارہ ہوٹلوں کی وجہ سے بہت پسند کیا جاتا ہے۔یہ دنیا کا ایک بڑا تجارتی شہر ہے۔

مجھے دوبئی میں رہنا بہت آسان لگا کیونکہ مجھے عربی زبان آتی تھی اس لئے کوئی مشکل پیش نہیں آئی۔

چھ مہینے قیام کے دوران میں وہاں کے رہن سہن کے طریقے بھی جان گئی ہوں اور مجھے یہ بھی معلوم ہو گیا ہے کہ یہاں نوجوانوں کے لئے کاروبار کے بہت سے مواقع بھی موجود ہیں۔

MARKS | DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

**Questions**

(a) According to Alina, what is important nowadays? **1**

(b) In which situations is knowing an additional language important? Tick (✓) the **two** correct statements. **2**

| | Tick (✓) |
|---|---|
| Moving country | |
| Finding a job | |
| Going to university | |
| Meeting new people | |

(c) Why was Alina interested in learning the Arabic language? **1**

(d) Where did she do her six months internship? **1**

(e) What does she think of Dubai? State any **two** things. **2**

(f) What was the advantage of speaking Arabic when Alina visited Dubai? **1**

(g) What did Alina learn about Dubai, during her stay? State any **two** things. **2**

* X 8 7 0 7 5 0 1 0 3 *



[Turn over

**Text 2**

Ayla writes an online article about being environmentally friendly.




## ماحول دوست بنیں۔

ماحول سے دوستی کا مطلب یہ ہے کہ ہم ایسی زندگی گزاریں جس سے ہمارے ماحول کو کوئی نقصان نہ ہو۔

اہم بات تو یہ ہے کہ یہ سب کام ایک عادت سمجھ کر کریں تاکہ ہمارا ماحول صاف رہے۔

میں نے ماحول دوستی کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنی روزمرّہ زندگی میں کچھ تبدیلیاں کی ہیں۔

سکول کے لئے میں اپنا دوپہر کا کھانا ایک کھانے کے ڈبے میں لے کر جاتی ہوں جس کو میں بار بار استعمال کرتی ہوں۔ میں ہر دفعہ پانی کی نئی بوتل نہیں خریدتی۔ میں نے ایک پانی کی بوتل خرید لی ہے جس کو میں روزانہ استعمال کرتی ہوں۔

کلاس میں بھی اب ہم بہت کم کاغذات کو فوٹو کاپی کرتے ہیں۔ ہم زیادہ تر کام اپنے آئی پیڈ یا کمپیوٹر پر کرتے ہیں اس طرح کاغذ اور قلم کا استعمال بہت کم ہوتا ہے۔

ہفتے کے اختتام پر جب میرے والدین اور میں گھر کا سامان خریدنے جاتے ہیں تو اپنے تھیلے گھر سے لے کر جاتے ہیں تاکہ ہم پلاسٹک کے تھیلے نئے نہ خریدیں۔ ہم پیکٹوں میں بند پھل اور سبزیاں بھی نہیں خریدتے۔

ہم اپنے استعمال شدہ کپڑے اور گھر کا وہ سامان جو ہمارے استعمال میں نہیں ہے اور اچھی حالت میں ہے وہ کسی ضرورت مند کو دے دیتے ہیں۔ کبھی کسی ایسی دکان میں دے دیتے ہیں جہاں سے دوسرے لوگ لے جا کر استعمال کر لیتے ہیں۔

ماحول کا خیال رکھنا ہم سب کے لئے بہت ضروری ہے۔

MARKS | DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

**Questions**

(a) What does the article say about being eco-friendly? Complete the following sentence. **1**

It means doing things which are not ______________________

to our environment.

(b) What does Ayla do when she goes to school? State any **three** things. **3**

(c) What does she say about her classroom activities? State any **two** things. **2**

(d) What do Ayla and her parents do at the weekends? State **two** things. **2**

(e) What does Ayla say about used items? State any **two** things. **2**

**[Turn over**

**Text 3**

Ameera is sharing her gap year experience.



ہائی سکول کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد میں نے ایک سال کا وقفہ لے لیا تاکہ میں مختلف ملکوں میں جا کر وہاں کا رہن سہن دیکھوں، اُن کی ثقافت کے بارے میں جانوں اور وہاں کی تاریخ کے بارے میں معلومات حاصل کروں۔

مجھے مراکش (Marrakesh) جانے کا شوق تھا۔ میں نے وہاں جانے سے پہلے وہاں کے موسم کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور اپنے لئے موسم کے مطابق کپڑے خرید لئے۔ مراکش پہنچ کر میں نے اپنی سیر کروانے والی گائیڈ کے ساتھ گرم ہوا کے غبارے میں بیٹھ کر پورے شہر کی سیر کی۔ ہم نے غبارے میں بیٹھ کر سورج ڈوبنے کا منظر بھی دیکھا۔ یہ حسین نظارہ مجھے ہمیشہ یاد رہے گا۔ ہفتے اور اتوار والے دِن ہماری رہنما ہمیں مشہور شہر فیز کی سیر کے لئے گئی جو زیادہ دُور نہیں تھا۔ اُس نے ہمیں بتایا کہ یہاں فیز یونیورسٹی ہے جو کہ دُنیا کی سب سے پُرانی یونیورسٹی ہے۔ شہر میں ہفتے کی شام کو کھلے میدان میں ایک مارکیٹ بھی لگتی تھی۔ ہم وہاں کھانے پینے کی دکانوں پر گئے اور مزیدار کھانے کھائے۔ جن میں مصالحے بہت کم تھے۔ ہم سب کو بہت مزہ آیا۔

*X870750106*

**Questions**

(a) Why did Ameera go on a gap year? State any **two** things. **2**

(b) Ameera visited Marrakesh. How did she prepare for this? **1**

(c) Ameera described her first adventure. What did she do? Give **two** details. **2**

(d) What does she say about the city of Fez? State **two** details. **2**

(e) Ameera did other things on Saturday and Sunday. What does she tell us? State **three** things. **3**

**[END OF QUESTION PAPER]**

MARKS DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

## ADDITIONAL SPACE FOR ANSWERS

*X870750108*

MARKS DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

## ADDITIONAL SPACE FOR ANSWERS

*X870750109*

MARKS DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

## ADDITIONAL SPACE FOR ANSWERS

*X870750110*

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

*Acknowledgement of copyright*
Image for Text 1 – Natatravel/shutterstock.com
Image for Text 2 – Ian Walsh/shutterstock.com
Image for Text 3 – Serenity—H/shutterstock.com